DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 15-05-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے تمام طبقات اپنا کردار ادا کریں، عبدالقدوس بزنجو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | گورنر ولی کاکڑ سے رخشاں ڈویژن کے ٹرانسپورٹروں کی ملاقات مسائل سے آگاہ کیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | اسلام آباد میں آج بھرپور طاقت کا مظاہرہ کرینگے، مولانا واسع | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | حکومتی رٹ چیلنج کرنے والوں کو انجام تک پہنچایا جائے گا، ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | عمران خان ملک کو مزید نقصان پہنچانے سے باز رہیں، محمد خان لہڑی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پریس کلب کوہلو کی نو منتخب کابینہ مسائل اجاگر کرے گی، آغا حسن بلوچ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | 34 ویں نیشنل گیمز کی مشعل کوئٹہ پہنچ گئی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | پولیو کے خاتمے کیلئے مزید محنت کی ضرورت ہے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | کاشتکاروں کو چاول کی کاشت کیلئے مفت بیج اور کسان کٹ فراہمی کا فیصلہ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان میں قومی کھیلوں کا انعقاد سیکورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ایس ایس پی آپریشن کی صحافیوں سے معذرت بی یو جے نے بائیکاٹ ختم کر دیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | عوام کے کیساتھ سرکاری ملازمین کے مسائل کا حل بھی ترجیح ہے، صوبائی محتسب | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | پشین، لسبیلہ اور کوئٹہ میں چند بلاکس میں مردم شماری کا کام جاری نور پرکانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | ملک میں صورتحال تشویشناک حد تک خراب ہوگئی، جان جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | نصیر آباد میں محکمہ خوراک کے مختلف ملوں پر چھاپے گندم کی 700 بوریاں برآمد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | ریکوڈک کے ثمرے دنیا میں ہوئے عوام پانی سے بھی محروم ہے، بی ایس او بجار | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ گاہی خان چوک پر تصادم 4 بھائیوں سمیت 5 افراد ہلاک 15 زخمی، ہوشاپ سیکورٹی فورسز کی کارروائی کالعدم بی ایل اے کا سرغنہ ہلاک، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف پولیس ایکشن 20 افراد گرفتار، پولیس کارروائیوں میں پانچ افراد گرفتار جعلی کرنسی منشیات اور موٹر سائیکلیں برآمد، اوتھل پولیس کی کارروائی مویشی چور گرفتار، ڈیرہ مراد جمالی غیرت کے نام پر خاتون سمیت دو افراد قتل ملزم فرار

مورخہ 15-05-2023

## عوامی مسائل

ٹینکر مافیا نے سرکاری ریٹ کی دھجیاں اڑادیں، خضدار بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پولیس فورس مسائل کا شکار، حب ندی پل کی تعمیر میں تاخیر مسافروں اور ٹرانسپورٹروں کو شدید مشکلات، بلوچستان بھر میں موبائل، انٹرنیٹ سروس معطل عوام پریشان، کلی لوہڑ کاریز گرلز مڈل سکول کی عمارت تعمیر نہ ہوسکی، قلعہ سیف اللہ زمینداروں کا کاشتکاروں کو زرعی قرضوں کے حصول میں مشکلات، بولان کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ غیر حاضر بچوں کا مستقبل تاریک۔

## اداریہ:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بد ترین عدم استحکام کیا کرنا چاہئے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے بلوچستان ملک بھر میں گزشتہ چند ہفتوں کے دوران جو افسوسناک حالات و واقعات پیش آئے وہ بھلا کس سے مخفی و پوشیدہ ہیں ایک طرف بدترین سیاسی عدم استحکام اور بحرانی کیفیت دوسری جانب بے ہودہ سیاسی کلچر کا یہ حال کہ سرکاری و قومی املاک کو نقصان پہنچانے کے جرائم سے لے کر قومی عزت اور وقار سے کھیلنے کے مکروہ عمل اور پھر اس کے دفاع کرنے کی بدترین روش تک پتہ نہیں یہ حالات کس طرف جارہے ہیں اگر سیکورٹی فورسز بالخصوص افواج پاکستان صبر وتحمل کا مظاہرہ نہ کرتیں اور احتجاج کے نام پر بدترین قومی جرم کے مرتکب عناصر کے خلاف فوری ردعمل دیتیں تو آج حالات کیا ہوتے، المیے پہ المیہ سامنے آرہا ہے۔ سیاسی یا گروہی رنگ دینے کی بجائے آئین وقانون کو اپنا کام کرنے دیا جائے ملک کا روشن مستقبل آئین وقانون کی بالادستی کو تسلیم کرنے میں مضمر ہے۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Upgrading educational institutions" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**پاکستان میں تیل و گیس کی پیداوار میں کمی خطرے کی گھنٹی**" کے عنوان سے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 15 MAY 2023 Page No: 1

## انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے تمام طبقات اپنا کردار ادا کریں، قدوس بزنجو

**اس بیماری کے خلاف اجتماعی کوششوں کو تیز کرنے کی ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کے 18 اضلاع کی 393 یونین کونسلز میں پیر سے شروع ہونے والی سات روزہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ نے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ پولیو مہم کے دوران 5 سال کی عمر سے کم تمام بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائینگے جو بچوں میں قوت مدافعت بڑھانے اور انہیں اس بیماری کو ہمیشہ کے لئے شکست دینے میں معاون ثابت ہونگے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس مہم کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے کے تمام طبقات اس میں اپنا اپنا کلیدی کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے اس امر کا اظہار کیا کہ اس بیماری کے خلاف اجتماعی کوششوں کو تیز کرنے کی ضرورت ہے جس کے لئے والدین علمائے کرام سول سوسائٹی اور میڈیا کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہے تاکہ اس بیماری کو جڑ سے اکھاڑنے میں کامیابی مل سکے واضح رہے کہ بلوچستان کے 18 اضلاع کی 393 یونین کونسلز میں سات روزہ انسداد پولیو مہم 15 مئی بروز پیر سے شروع ہوگی اس انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 12 لاکھ 62 ہزار کے قریب بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے پولیو مہم کے دوران 4 ہزار 9 سو 69 کے قریب ٹیمیں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے پر مامور ہوں گی انسداد پولیو مہم چاغی، ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، مستونگ، نوشکی، ژوب، بارکھان، ڈیرہ بگٹی، حب، جعفر آباد، نصیر آباد، موسیٰ خیل، شیرانی، صحبت پور، پشین، چمن اور قلعہ عبداللہ میں شروع ہوگی مہم کے دوران تمام عملے کو فول پروف سیکورٹی دی جائے گی جس پر بلوچستان لیویز، پولیس اور ایف سی کے جوان تعینات ہوں گے بلوچستان میں جنوری سال 2021 سے اب تک پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا بلوچستان کی آب وہوا میں اپریل 2021 سے اب تک پولیو وائرس رپورٹ نہیں ہوا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ بلوچستان سے پولیو کے موذی مرض کے سو فیصد خاتمے کے لئے مزید محنت اور لگن سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، عبدالقدوس بزنجو

**پلائے جانیوالے قطرے بچوں میں قوت مدافعت بڑھانے اور انہیں اس بیماری کو ہمیشہ کے لئے شکست دینے میں معاون ثابت ہونگے**

**بیماری کے خلاف اجتماعی کوششوں کو تیز کرنے کی ضرورت ہے جس کے لئے والدین علمائے کرام سول سوسائٹی اور میڈیا کو اپنا موثر کردار ادا کرنا ہے**

**بلوچستان کے 18 اضلاع کی 393 یونین کونسلز میں آج سے شروع ہونے والی سات روزہ مہم میں 12 لاکھ 62 ہزار بچوں کو قطرے پلائے جائینگے**

کوئٹہ (خ ن)۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کے 18 اضلاع کی 393 یونین کونسلز میں پیر سے شروع ہونے والی سات روزہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ نے اس توقع کا اظہار کیا ہے.......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر

کہ پولیو مہم کے دوران 5 سال کی عمر سے کم تمام بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائینگے جو بچوں میں قوت مدافعت بڑھانے اور انہیں اس بیماری کو ہمیشہ کے لئے شکست دینے میں معاون ثابت ہونگے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس مہم کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے کے تمام طبقات اس میں اپنا اپنا کلیدی کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے اس امر کا اظہار کیا کہ اس بیماری کے خلاف اجتماعی کوششوں کو تیز کرنے کی ضرورت ہے

# CM stresses collective efforts against polio

**Staff Report**

**QUETTA**: Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo has expressed good wishes for the success of the seven-day anti-polio campaign in 393 union councils of 18 districts of Balochistan, which started from Monday.

All the children under the age of 10 will be given polio vaccines which will help in increasing the immunity of the children and helping them to defeat this disease forever. Classes should play their key role in this. The Chief Minister expressed that there is a need to intensify collective efforts against this disease, for which parents, scholars, civil society and media have to play their effective role so that this disease can be eradicated.

It should be noted that the seven-day anti-polio campaign in 393 union councils of 18 districts of Balochistan will start from today (Monday). During the polio campaign, around 4,969 teams will be assigned to administer polio drops to children. During the campaign, which will start in Shirani, Sahabpur, Pishin, Chaman and Qila Abdullah, fool-proof security will be provided to all staff, on which Balochistan Levies, Police and FC personnel will be deployed. No cases of polio have been reported in the climate of Balochistan since April 2021 till now.

Meanwhile, Chief Secretary (CS) Balochistan Abdul Aziz Uqaili chaired the important meeting of the Polio Provincial Task Force here on Sunday and stressed the need for more efforts to wipe out polio disease. The meeting was attended by the representatives of the Department of Health Administration and related institutions.

The concerned official briefed the authorities to the task force on the ongoing measures for the prevention of polio. Chief Secretary said that we needed more efforts so that we could achieve 100 percent results in the eradication of polio. He said that all parents should cooperate with polio teams to administer anti-polio drops to children so that they would keep their children safe from polio disease.

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 15 MAY 2023

Page No: 3


## گورنر ولی کاکڑ سے رخشاں ڈویژن کے ٹرانسپورٹروں کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

**این 40 پر درجنوں چیک پوسٹوں اور بار بار کی چیکنگ سے نجات دلائی جائے، ٹرانسپورٹرز، کلیکٹر کسٹم سے بھی ملاقات**

کوئٹہ (پ ر) منشرجگہ بلوچستان بس ٹرانسپورٹ فیڈریشن کے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق چیئرمین محمود خان بادینی کی قیادت میں رخشان ڈویژن کے ٹرانسپورٹرز سردار صابر رکی، حاجی اللہ بخش بادینی بابا جان شاہوانی، عبدالرؤف بادینی، خدائے نور شاہوانی، ملک محمد یسین بادینی، حافظ مقصود احمد، عبدالرازق رخشانی، حاجی عبدالغفار بلوچ، حاجی حفیظ اللہ بادینی، جلیل احمد بڑیچ، حاجی محمد شعیب بادینی اور محمد اجمل سالاری پر مشتمل وفد نے گزشتہ روز گورنر بلوچستان عبدالولی کاکڑ سے ملاقات کی اور اپنے مسائل اور جائز مطالبات سے متعلق گورنر بلوچستان عبدالولی کاکڑ کو تحریری طور پر آگاہ کیا۔ گورنر نے وفد کے مسائل کو غور سے سنا اور حل کے لیے اقدامات کی یقین دہانی کرادی۔ وفد نے ان کو کہا کہ نیشنل ہائی ویز خصوصاً N40 پر قائم درجنوں چیک پوسٹوں پر مسافر کوچز اور بسوں کو اینٹی اسمگلنگ اور امن و امان کے نام بار بار کھڑا کرنے کی بجائے ایک روٹ کی ایک گاڑی، مسافر بس اور کوچ کو صرف ایک بار چیکنگ کے لیے روکا جائے جبکہ امن امان قائم کرنے کے لئے نیشنل ہائی ویز خصوصاً این چالیس پر جگہ جگہ چیک پوسٹوں پر گاڑیوں کو روکنے کے بجائے پنجاب نیشنل ہائی ویز جی ٹی روڈ موٹر ویز طرز پر پٹرولنگ تحت سسٹم بنایا جائے، ٹرانسپورٹر نمائندوں نے اپنے اس اجتماعی مطالبہ کو بھی دہرایا کہ نیشنل ہائی ویز پر سے اینٹی سمگلنگ اور امن امان کے نام پر کسٹم اور ایف سی لیویز پولیس کی قائم چیک پوسٹوں پر تعینات اہلکاروں کو بارڈر زیرو پوائنٹس پر منتقل کرکے بہتر انداز میں خطرناک مواد کی روک تھام اور سدباب کیا جائے۔ علاوہ ازیں وفد نے کسٹم ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ میں کسٹم کلیکٹر انفورسمنٹ عرفان الرحمن بھی ملاقات کی اور ٹرانسپورٹرز کے مطالبات اور مسائل سے آگاہ کیا۔

---


INTEKHAB QUETTA


## گورنر بلوچستان و دیگر رہنماؤں کی سلیم کھوسہ سے تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) نامور سیاسی شخصیت سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر ظہور حسین کھوسہ کے ایصال ثواب کیلئے کوئٹہ میں فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے کوئٹہ میں ان کے بھتیجے پیپلز پارٹی کے رہنما و رکن اسمبلی میر سلیم بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

خان کھوسہ سے سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر ظہور حسین کھوسہ کے انتقال پر کوئٹہ میں گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ، سابق گورنر و وفاقی وزیر اور پیپلز پارٹی کے رہنما جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و رکن اسمبلی اصغر خان اچکزئی، رکن اسمبلی نوابزادہ طارق مگسی، سابق سینیٹر نوابزادہ سیف اللہ مگسی، اراکین اسمبلی میر ظہور بلیدی، قادر علی نائل، ایڈیشنل سیشن جج جہن میر رحمت اللہ مری، سابق سینیٹر میر حسین بخش بنگلزئی، اسسٹنٹ کمشنر خضدار محمد علی درانی سمیت مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے سابق اسپیکر میر ظہور حسین کھوسہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور میر سلیم کھوسہ سے ان کے چچا کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## پولیو کے خاتمے کیلئے مزید محنت کی ضرورت ہے، چیف سیکرٹری

### تمام والدین بچوں کو موذی مرض سے بچانے کیلئے بھرپور تعاون کریں، عبدالعزیز عقیلی

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت پولیو صوبائی ٹاسک فورس کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں محکمہ صحت انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں حکام کی جانب سے ٹاسک فورس کو پولیو کے تدارک کے لئے (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

جاری اقدامات پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مزید محنت کی ضرورت ہے تاکہ پولیو کے خاتمے کے سو فیصد نتائج حاصل ہو سکیں۔ انہوں نے اپیل کی کہ تمام والدین اپنے بچوں کو پولیو کے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لئے تعاون کریں۔

92 نیوز کوئٹہ

## پولیو وائرس کے خاتمے کیلئے مزید محنت کی ضرورت، عبدالعزیز عقیلی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت پولیو صوبائی ٹاسک فورس کا اہم اجلاس ہوا جس میں محکمہ صحت انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی، حکام کی جانب سے ٹاسک فورس کو پولیو کے تدارک کے لئے جاری اقدامات پر بریفنگ دی، اس موقع پر چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا کہ ہمیں مزید محنت کی ضرورت ہے، انہوں نے اپیل کی کہ والدین اپنے بچوں کو پولیو کے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لئے تعاون کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

DATE: 15 MAY 2023

Bullet No. 2

Page No: 6

# کاشتکاروں کو چاول کی کاشت کیلئے مفت بیج اور کسان کٹ فراہمی کا فیصلہ

زمیندار یا گھرانے جنگی آپریشنل لینڈ ہولڈنگ 1 سے 12 ایکڑ کے درمیان ہو، کسان گاؤں کا رہائشی ہو، ایک گھرانے کے صرف ایک فرد کو بیج ملے گا

صحبت پور، اوستہ محمد، نصیرآباد کی مختلف یونینز میں قائم کئے گئے ڈسٹری بیوشن پوائنٹس پر بیج کی فراہمی جلد شروع کردی جائیگی، نمائندہ ایف اے او وحید علی

صحبت پور (نمائندہ مشرق) محکمہ زراعت حکومت بلوچستان، اقوام متحدہ کی خوراک و زراعت ایف، اے، او اور ایشین ڈویلپمنٹ بینک اے بی، ڈی "بلوچستان ارجنٹ ریسپانس فارفوڈ سکیورٹی پروجیکٹ کے تحت نصیرآباد ڈویژن کے چار اضلاع جعفرآباد، صحبت پور، اوستہ محمد اور نصیرآباد اضلاع میں منتخب چھوٹے کاشتکاروں کو چاول کے تصدیق شدہ بیج فراہم کر رہے ہیں اس منصوبے کا مقصد سیلاب سے متاثرہ آبادی کو ان کے سماجی و اقتصادی حالات کو بحال کرکے غربت اور غذائی عدم تحفظ سے بچانا ہے اس پروجیکٹ کے ذریعے ہر منتخب گھرانے کو چاول کے تین تھیلے ملے گا اور اس تقسیم سے ہزاروں گھرانے مستفید ہوں گے اس سے نہ صرف انہیں چاول کے بیج بروقت اگانے میں مدد ملے گی بلکہ اس سے خوراک کی ممکنہ کمی کے خطرے کو بھی کم کیا جائے گا اس حوالے سے منعقدہ میٹنگ میں وحید انور پروجیکٹ کوآرڈینیٹر امتیاز احمد کا کہنا تھا کہ بیج فراہمی کے پورے عمل کیلئے کچھ شرائط رکھی گئی ہیں جیسے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی معیاد ختم نہ ہوئی ہو، زمیندار یا گھرانے جنگی آپریشنل لینڈ ہولڈنگ 1 سے 16 ایکڑ کے درمیان ہے، کسان گاؤں کا رہائشی ہونا چاہئے تاکہ غیر حاضر کسان، وہ گھرانے جو یونین کونسل یا ضلع کے علاوہ کسی دوسرے گاؤں میں رہتا ہے اور زمین کاشت کرتا ہے ایک درست حلف نامہ مہیا کرنے پر رجسٹر ہوسکتا ہے، ایک گھرانے کے صرف ایک فرد کو بیج ملے گا، ایک ہی گھرانے کے ایک سے زیادہ افراد کو رجسٹر کیا جاسکتا ہے اگر وہ الگ الگ گھروں میں رہتے ہوں اور الگ الگ کاشتکاری کرتے ہوں، منتخب زمیندار یا گھرانے اس سال چاول کا بیج بونے پر رضامند ہوں، فائدہ اٹھانے والے زمیندار یا گھرانے کے صرف 20 کلوگرام بیج، کسان ٹول کٹ اور حفاظتی جوتے بھی فراہم کئے جائیں گے۔

# 12 ملین ڈالر کی لاگت سے گوادر پورٹ میں چائنا ٹریڈنگ سنٹر مکمل

جون 2023 میں نئے قائم ہونے والے ایکسپو سنٹر میں تیسری بین الاقوامی ایکسپو گوادر منعقد کی جائیگی

سی پیک کے تحت ترقی کا مقصد گوادر کو ایک بڑے تجارتی اور اقتصادی مرکز میں تبدیل کرنا ہے، احسن اقبال

گوادر (این این آئی) چائنا ایگزیبیشن اینڈ ٹریڈنگ سنٹر 12 ملین ڈالر کی لاگت سے گوادر پورٹ پر چھ ماہ کے ریکارڈ وقت میں مکمل کیا گیا ہے، یہ بات جمعہ کو جاری ہونے والے ایک سرکاری اعلان میں بتائی گئی۔ یہ منصوبہ نومبر 2022 میں وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال کی ہدایت پر گوادر میں کاروبار اور متعلقہ سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے شروع کیا گیا تھا۔ وزیر منصوبہ بندی کی ہدایت پر چائنہ آف شور پورٹس ہولڈنگ کمپنی (سی او پی ایچ سی ایل) نے منصوبے کی تعمیر شروع کی جو جمعہ کو مکمل ہو گئی ہے۔ وزیر منصوبہ بندی نے مزید ہدایت کی ہے کہ جون 2023 میں نئے قائم ہونے والے ایکسپو سنٹر میں تیسری بین الاقوامی ایکسپو گوادر منعقد کی جائے جو جولائی 2023 میں سی پیک کی 10 سالہ تقریبات کے ساتھ موافق ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری سی پیک اور وسیع تر بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو (BRI)۔ بحیرہ عرب پر تزویراتی طور پر واقع، گوادر پاکستان کی سب سے بڑی گہرے پانی کی بندرگاہ کے طور پر کام کرتا ہے، جو خلیج عرب، مشرق وسطیٰ اور وسطی ایشیا کے لیے گیٹ وے پیش کرتا ہے۔ سی پیک کے تحت ہونے والی ترقی کا مقصد گوادر کو ایک بڑے تجارتی اور اقتصادی مرکز میں تبدیل کرنا، علاقائی رابطوں کو آسان بنانا اور پاکستان کی سمندری تجارت کو بڑھانا ہے۔ توانائی اور ٹرانسپورٹ کوریڈور کے طور پر گوادر کی صلاحیت، اس کے اسٹریٹجک محل وقوع کے ساتھ، اسے بین الاقوامی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے لئے ایک مرکزی نقطہ بناتی ہے، اقتصادی ترقی اور علاقائی انضمام کو آگے بڑھاتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 15 MAY 2023 Page No: 7


# بلوچستان کے 18 اضلاع میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم آج شروع ہوگی

## 4 ہزار 9 سو 69 کے قریب ٹیمیں تشکیل، 12 لاکھ 62 ہزار کے قریب بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر، عملہ کو فول پروف سیکورٹی دی جائیگی، سید زاہد شاہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایمرجنسی آپریشن سنٹر بلوچستان کے کوآرڈی نیٹر سید زاہد شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے 18 اضلاع کی 393 یونین کونسلز میں سات روزہ انسداد پولیو مہم آج سے شروع ہوگی۔ سات روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 12 لاکھ 62 ہزار کے قریب بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، پولیو مہم کے دوران 4 ہزار 9 سو 69 کے قریب ٹیمیں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے فرائض سرانجام دینگی۔ انہوں نے کہا انسداد پولیو مہم چاغی، ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، مستونگ، نوشکی، ژوب، بارکھان، ڈیرہ بگٹی، حب، جعفر آباد، نصیر آباد، موسیٰ خیل، شیرانی، صحبت پور، پشین، چمن اور قلعہ عبداللہ میں شروع ہوگی۔ مہم کے دوران تمام عملے کو فول پروف سیکورٹی دی جائے گی جس پر بلوچستان لیویز، پولیس اور ایف سی کے جوان تعینات ہوں گے ان کا کہنا تھا کہ پولیو وائرس ان بچوں کو اپنا نشانہ بنا سکتا ہے جو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ بلوچستان میں جنوری سال 2021 سے اب تک پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، بلوچستان کے ماحول میں اپریل 2021 سے اب تک پولیو وائرس رپورٹ نہیں ہوا ہے۔ ملک کے دیگر صوبوں کے اضلاع اور افغانستان میں پولیو وائرس کی موجودگی صوبہ بلوچستان کے بچوں کے لئے ایک بڑا خطرہ ہے۔ انہوں نے تمام والدین سے اپیل کی کہ پولیو سے بچاؤ کی مہم کے دوران پولیو ورکرز سے بھرپور تعاون کریں، اپنے بچوں کو پولیو ویکسین ضرور پلائیں، پولیو کے خاتمے کیلئے ہونے والی مہمات کے باعث آج بلوچستان میں اس مرض پر کافی حد تک قابو پالیا گیا ہے جو کہ بڑی پیشرفت ہے، اس ضمن میں معاشرے کے تمام طبقات کا کردار ادا کرنا خوش آئند ہے۔ جس سے اس مرض کے تدارک میں مدد مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں میں اس بارے میں شعور اجاگر کرنے میں دیگر طبقات کے ساتھ علماء کرام کا کردار نہایت ہی اہم ہے، جس کے باعث آج پولیو کے خلاف ہم منظم انداز میں مہم چلا کر اپنے بچوں کو محفوظ بنا رہے ہیں۔

# آئندہ بجٹ میں سرکاری جامعات کیلئے 500 ارب مختص کیے جائیں، فپواسا

## تعلیم کے انتہائی کم بجٹ سے ترقی و خوشحالی نہیں آسکتی، صوبائی حکومتیں بھی گرانٹس ان ایڈ میں اضافہ کریں، ڈاکٹر کلیم اللہ و دیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سالانہ بجٹ 2023-2024 میں ملک بھر کی سرکاری جامعات اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ریکرنگ بجٹ میں 500 ارب روپے اور ترقیاتی بجٹ میں 200 ارب روپے مختص کئے جائیں، ترقی یافتہ ممالک اپنی گراس ڈومیسٹک پروڈکٹ (جی ڈی پی) کا 6 فیصد اور ہمسایہ ممالک جی ڈی پی کا 4 فیصد تک تعلیم کے شعبے کے لئے مختص کرتے ہیں جبکہ پاکستان اپنی جی ڈی پی کا بمشکل 2 فیصد تعلیم کے شعبے پر خرچ کررہا ہے۔ فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بریچ، نائب صدر پروفیسر ڈاکٹر فرخ ارسلان، جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر اختیار علی گھومرو، مرکزی ایگزیکٹو کونسل کے ممبران پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد، انجینئر میاں عبدالمتین، بلوچستان چیپٹر کے صدر پروفیسر فرید خان اچکزئی، جنرل سیکرٹری پروفیسر نعمان کاکڑ سمیت دیگر تمام چیپٹرز کی کابینہ ممبران نے اس حوالے سے کہا ہے کہ تعلیم کے لئے انتہائی کم بجٹ سے کسی صورت ترقی و خوشحالی نہیں آسکتی، انھوں نے کہا کہ بلوچستان کی صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ صوبے کی سرکاری جامعات کی گرانٹس ان ایڈز میں کم ازکم 10 ارب روپے مختص کئے جائیں اور دیگر صوبوں کی حکومتوں سے بھی پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے صوبوں کی جامعات کی گرانٹس ان ایڈز میں اضافہ کریں، گذشتہ پانچ سال سے ملک بھر کی سرکاری جامعات اور ایچ ای سی کے بجٹ میں اضافہ نہیں کیا گیا، بلکہ حقیقت میں بجٹ میں کٹوتی کی گئی ہے، جس کے باعث جامعات کو سخت مالی بحران درپیش ہیں اور اکثر جامعات اپنے اساتذہ اور ملازمین کو تنخواہیں ادا نہیں کرسکتیں، جامعات کے اساتذہ اور ملازمین احتجاج اور ہڑتال پر مجبور ہیں، انھوں نے اپیل کی کہ مرکزی حکومت کا اس سال کے بجٹ کا حجم دس ہزار ارب روپے سے زائد ہے اس دس ہزار ارب روپے میں ملک بھر کی 200 کے قریب سرکاری جامعات اور انکے 300 سے زائد سب کیمپسز کے لئے تنخواہوں کی مد میں کم ازکم 500 ارب روپے اور ترقیاتی بجٹ کے لیے 200 ارب روپے مختص کرنا انتہائی لازمی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**Daily:** MASHRIQ QUETTA

**Bullet No.** 2 **DATE:** 15 MAY 2023 **Page No:** 8

# نصیرآباد میں محکمہ خوراک کے مختلف ملوں پر چھاپے گندم کی 700 بوریاں برآمد

**حکومت سندھ کے سرکاری تھیلوں پر مشتمل 225 خالی بنڈل اور گندم سے بھرا ٹریکٹر ضبط کر لیا گیا، مختلف گودام بھی سیل کر دیے گئے**

**حکومت عوام کے مفاد میں کام کر رہی ہے تاکہ مستقبل میں صوبے کی عوام کو آٹے کی فراہمی میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے**

**بلوچستان کی گندم سندھ میں فروخت کرنے والے عوام کے خیر خواہ نہیں ان کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی، ضلعی انتظامیہ**

نصیرآباد (نامہ نگار) کمشنر نصیرآباد ڈویژن بشیر بنگلزئی اور ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد اعجاز سرور کی ہدایت پر پروجیکٹ ڈائریکٹر فوڈ جانان خان جعفر و اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد حسنین احمد ابڑو اور اسسٹنٹ ڈائر......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 9 پر

یکٹر فوڈ جمعہ خان کاکڑ کے مختلف ملوں پر چھاپے۔ گندم کے 700 بوریاں برآمد کر لیں۔ حکومت سندھ کے تھیلوں پر مشتمل 225 خالی بنڈل اور حکومت سندھ کے تھیلوں میں گندم سے بھرا ٹریکٹر بھی ضبط کر لیا گیا۔ مختلف گودام بھی سیل کر دیے گئے۔ ذخیرہ اندوزی کے خلاف بھرپور کارروائی جاری رہے گی پروجیکٹ ڈائریکٹر فوڈ جانان خان جعفر و اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد حسنین ابڑو نے کارروائی کے موقع پر کہا کہ ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کو کسی صورت بخشا نہیں جائے گا حکومت کے ساتھ تعاون نہ کرنے اور اپنے مفادات کو ترجیح دینے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اپنے علاقے کی گندم سندھ سمیت دیگر علاقوں میں گندم فروخت کرنے والے عوام کے خیر خواہ نہیں ہیں ان کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکریٹری بلوچستان کے خصوصی احکامات پر ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے حکومت بلوچستان عوام کے مفاد میں کام کر رہی ہے تاکہ مستقبل میں صوبے کی عوام کو آٹے کی فراہمی میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے ذخیرہ اندوز گندم کو ذخیرہ کر کے اپنے منافع کے لیے اقدامات کر رہے ہیں مگر انتظامیہ محکمہ فوڈ کے ساتھ ملکران کے خلاف ہر ممکن کارروائی کو یقینی بنائے گی۔

## خضدار، لیویز کارروائی میں گندم کی 100 سے زائد بوریاں برآمد 4 افراد گرفتار

**لیویز اہلکاروں نے گندم اور کوچ کو تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی**

کوئٹہ (این این آئی) خضدار میں لیویز نے گندم کی اسمگلنگ ناکام بناتے ہوئے 100 سے زائد بوریاں برآمد کر کے 4 افراد کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ خضدار کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن (ر) جمیل بلوچ کی گندم اسمگلنگ کرنے والوں کے......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 9 پر

خلاف کریک ڈاؤن کے حکم اور اسسٹنٹ کمشنر خضدار علی درانی کی سب ڈویژن خضدار کے تمام چیک پوسٹوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت پر نائب تحصیلدار باغبانہ حبیب بچکی لیویز انچارج باغبانہ محمد ابراہیم و جمعدار غلام علی کی سربراہی میں رات گئے لیویز چیک پوسٹ زاوہ کے اہلکاروں نے گندم اسمگلنگ کرنے والے الہاشمی کوچ کو رکنے کا اشارہ کیا لیکن کوچ ڈرائیور چیک پوسٹ کے بیریئرز کو توڑ کر بھاگ گئے

## ڈھاڈر اور گرد و نواح میں ملیریا کے پھیلاؤ نے وبائی شکل اختیار کر لی

**مچھروں کی یلغار سے لوگ شدید بخار میں مبتلا ہسپتال و کلینک مریضوں سے بھر گئے**

**مرض پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، شہریوں کی حکومت سے اپیل**

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈھاڈر اور گرد و نواح میں ملیریا کے پھیلاؤ نے وبائی مرض کی شکل اختیار کر رکھی ہے بھاری تعداد میں لوگ شدید بخار میں مبتلا ہسپتال اور کلینک مریضوں سے بھر گئے تفصیلات کے مطابق ڈھاڈر شہر اور گرد و نواح میں مچھروں کی......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 9 پر

یلغار سے ملیریا کے مرض میں اضافہ کر دیا محکمہ صحت کے تحت ملیریا کنٹرول پروگرام کی جانب سے مچھر مار اسپرے نہ کرانے اور محکمہ کی سرد مہری سے گزشتہ کئی روز سے ملیریا بخار کے مریضوں میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جس میں بڑے پیمانے پر مرد خواتین بچے اور بوڑھے ملیریا بخار سے متاثر ہو کر ہسپتال اور پرائیویٹ کلینک پہنچ رہے ہیں جن میں زیادہ تر مریضوں کا تعلق غریب طبقے سے ہے جو کہ اپنے علاج کے اخراجات برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتے ڈاکٹروں کے مطابق اگر ملیریا کے تدارک اور بچاؤ کے لیے سنجیدہ اقدامات نہیں اٹھائے گئے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

DATE: 15 MAY 2023

Page No: 12


# ریکوڈک کے چرچے دنیا میں ہوئے عوام پانی سے بھی محروم ہے، بی ایس او پجار

## پورے ملک میں پراجیکٹ کے فیصدوں سے ترقی ہورہی ہے بلوچستان میں آپریشن کی تیاریاں کی جارہی ہیں

**مزدور، انجینئر اور سیکورٹی تک پنجاب سے درآمد کی گئی ہے، سوئی گیس، سی پیک و گوادر کا حال دنیا کے سامنے ہے**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پجار) کے مرکزی ترجمان نے اپنے جاری بیان میں کہا کے ریکوڈک کے چرچے اور ترقیاتی منصوبوں کے چرچے پوری دنیا میں ہورہے ہیں لیکن افسوس کہ بلوچ کی زمین سے نکلنے والے معدنیات سے بلوچ قوم کو محروم رکھا گیا ہے پورے ملک میں پراجیکٹ کے فیصدوں سے ترقی ہورہی ہے لیکن بلوچستان میں نئے قلعے بنانے اور نئے آپریشن کی تیاریوں پہ غور کیا جارہا ہے۔ ریکوڈک پروجیکٹ کے تمام تر منصوبوں کے لئے مزدور سے لرکر انجینئر اور سیکورٹی تک پنجاب سے درآمد کیا جارہا ہے جو معدنیات سے مالا مال صوبے کے وسائل کے لوٹ مار کی اصل حقیقت ہے ترجمان نے کہا کہ اس سے قبل سوئی سے ملنے والے گیس، سی پیک نامی منصوبے کے بعد گوادر کا حال دنیا کے سامنے عیاں ہے کہ پنجاب کے مزدور، چین کی فوج سمیت دیگر تمام اقوام کو گوادر میں کاروبار اور زندگی گزارنے کی اجازت ہے لیکن بلوچ قوم کو نا ہی اپنے زمین پر کاروبار کی اجازت ہے ترجمان نے کہا کہ ریکوڈک پروجیکٹ بلوچستان کا استحصال کرکے پنجاب کو ترقی دینے کا منصوبہ ہے جسے ہم مسترد کرتے ہیں اور ایسے تمام منصوبوں کو مسترد کرتے ہے جن کا بلوچ قوم کو کوئی فائدہ نہیں۔

# کوچ پر حملہ کرنیوالے شرپسندوں کو گرفتار کیا جائے، ٹرانسپورٹرز

**مسافروں کو دھونس دھمکی دے کر خواتین بچوں کی لاج بھی نہیں رکھی گئی**

نوکنڈی (این این آئی) آل کوئٹہ تفتان کوچز ٹرانسپورٹ یونین کے صدر حاجی ملک شاہ جمالدینی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ آج نوکنڈی میں تفتان سے آنیوالے کوچ پر حملہ کرنے کی مذمت کرتے ہوئے ہوئے بتایا کہ حملہ کرنے والے شرپسند عناصر.......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 9 پر

کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے دن دہاڑے نوکنڈی بازار میں شرپسند عناصر نے بس پر حملہ آور ہوکر اسٹاف کو زدوکوب کرکے شدید تشدد کا نشانہ بنایا اور بس میں سوار مسافروں کو دھونس دھمکی دے کر خواتین بچوں کا لاج بھی نہیں رکھا گیا تمام بلوچی رسم ورواج کو پامال کرکے بہت غلط فعل کیا جاچکا ہے لیویز انتظامیہ نے حملہ آوروں کو گرفتار کرنے کی یقین دہانی کروایا ہے لیکن ہم چاہتے ہے ان کی فوری طور پر گرفتاری عمل میں لائی جائے ایسے عناصر علاقے کی پر امن فضا کو اپنے شر سے گندہ کرنا چاہتے ہیں بس سروس نوکنڈی کے عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے کے لئے شروع کیا جاچکا ہے لیکن ایسے عناصر کی گھنیا حرکت کی وجہ سے نوکنڈی شہر سے بس سروس معطل کرنے کا آپشن بھی موجود ہے

# حکومت کوئلہ مائنز میں پھنسے مزدوروں کو باہر نکالے، پیر محمد کاکڑ

**مزدور رہنماء کا دورہ دکی، مائنز میں بارہ روز سے پھنسے مزدوروں بارے معلومات لیں**

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ کا دورہ دکی گزشتہ 12 دنوں سے مائنز میں پھنسے ہوئے 2 کان کنوں کو نکالنے کے بارے میں اب تک ہونے والے پیش رفت کے بارے میں ویڈیو کے ذریعے حکومت بلوچستان.......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 9 پر

چیف سیکرٹری 'مائنز ڈیپارٹمنٹ سے فوری ایکشن لینے پھنسے ہوئے مائنز ورکرز کو جلد از جلد ریسکیو کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

DATE: 15 MAY 2023

Bullet No. 5

Page No: 14


## شہر میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ

### کدو80، شملہ مرچ200، ٹماٹر80، پپیتا160، سیب200 روپے فی کلو میں فروخت

### حکام خودساختہ مہنگائی کرنے والوں کیخلاف فوری کارروائی کریں، شہری

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ کوئٹہ میں کدو80 روپے، شملہ مرچ200 روپے، ٹماٹر80 روپے، پھول گوبھی100، بند گوبھی80 روپے، کھیرا80 سے 100 روپے، مٹر160 روپے، شلجم80 روپے، پالک بنڈل50 روپے، پیاز5 کلو250 روپے، آلو5 کلو300 روپے، لیموں پاؤ100 روپے، مرچ80 روپے پاؤ، ادرک120، لہسن120 روپے پاؤ جبکہ کیلا 250 روپے درجن، پپیتا 160 سے 180 روپے کلو، سیب 200 سے 300 روپے کلو، چیکو200 روپے کلو، تربوز50 سے80 روپے کلو، لوکاٹ200 روپے کلو، چیری ڈبہ300، کیوی300 روپے ڈبہ فروخت ہورہا ہے۔ عوامی حلقوں کی جانب سے بڑھتی ہوئی مہنگائی پھل اور سبزیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلع انتظامیہ گرانفروشی کا نوٹس لیتے ہوئے مہنگے داموں کھانے پینے کی اشیا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرکے عوام کو ریلیف دیں۔

AZADI QUETTA

## کراچی روڈ ہزار گنجی کی تعمیر میں کرپشن کا نوٹس لینے کا مطالبہ

### ناقص میٹریل، ناقص کام اور سارے روڈ میں بنیاد سے ہی کرپشن کے سوا کچھ نہیں، تاجر تنظیمیں

### ڈمی اخبارات کی "سب اچھا ہے" کے بیانات جھوٹے، مسترد کرتے ہیں، رہنما آل تاجر یونینز کمیٹی

کوئٹہ (پ ر) آل تاجر یونینز کمیٹی ہزارگنجی نے اپنا ایک مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ مین کراچی روڈ ہزارگنجی کی تعمیر اور شروع ہی دن سے اس روڈ کی پی۔سی۔ون سے لیکر آج کے دن تک صرف اور صرف کرپشن اور کمیشن کے سوا کچھ نہیں ہے۔ ناقص میٹریل، ناقص کام اور سارے روڈ میں بنیاد سے ہی کرپشن کے سوا کچھ نہیں ہے اور سونے پے سہاگہ کہ ٹھیکیدار ہزارگنجی کے نام نہاد اور (ڈمی) تاجر یونین سے اپنے کام اور مشینری کے بارے میں مختلف اخباری بیانات شائع کرواتا ہے کہ سب اچھا ہے جس کی ہم آل تاجر یونینز کمیٹی ہزارگنجی سخت مخالفت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو جھوٹے بیانات اخبارات میں چھپواتے ہیں کہ سب اچھا ہے، ہم انہیں چیلنج دیتے ہیں کہ اگر ان کا ہی سب اچھا ہے تو میڈیا کی ٹیم اور اعلیٰ حکومتی وفد پر مبنی ایک ٹیم ہزارگنجی کا دورہ کریں اور مین کراچی روڈ کا کام چیک کریں، تب دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوکر سب کے سامنے حقائق آجائیں گے۔ آل تاجر یونینز کمیٹی ہزارگنجی نے ایک دفعہ پھر گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکریٹری بلوچستان اور سیکریٹری بی اینڈ آر سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مین کراچی روڈ ہزارگنجی کی تعمیر میں جاری کرپشن کا نوٹس لیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈھاڈر اور گردونواح میں ملیریا کے پھیلانے وبائی مرض کی شکل اختیار کرگئی

### بھاری تعداد میں لوگ شدید بخار میں مبتلا ہسپتال اور کلینک مریضوں سے بھر گئے

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر اور گردونواح میں ملیریا کے پھیلانے وبائی مرض کی شکل اختیار کررہی ہے بھاری تعداد میں لوگ شدید بخار میں مبتلا ہسپتال اور کلینک مریضوں سے بھر گئے تفصیلات کے مطابق ڈھاڈر شہر اور گردونواح میں مچھروں کی یلغار سے ملیریا کے مرض میں اضافہ کردیا محکمہ صحت کے تحت ملیریا کنٹرول پروگرام کی جانب سے مچھر (بقیہ نمبر21 صفحہ نمبر2 پر)

مار اسپرے نہ کرانے اور محکمہ کی سردمہری سے گزشتہ کئی روز سے ملیریا بخار کے مریضوں میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جس میں بڑے پیمانے پر مرد خواتین بچے اور بوڑھے ملیریا بخار سے متاثر ہوکر ہسپتال اور پرائیوٹ کلینک پہنچ رہے ہیں جن میں زیادہ تر مریضوں کا تعلق غریب طبقے سے ہے جو کہ اپنے علاج کے اخراجات برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتے ڈاکٹروں کے مطابق اگر ملیریا کے تدارک اور بچا کے لیے سنجیدہ اقدامات نہیں اٹھائے گئے تو ملیریا کا مرض خطرناک صورتحال پیدا کرسکتا ہے جس میں دماغی اور جسمانی طور پر انسانی جانوں کے نقصان کا اندیشہ بڑھ کر کر تشویشناک رخ میں تبدیل ہونے کا امکان ہے عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری صحت سے اپیل کی ہے کہ ملیریا کی روک تھام اور اس مرض پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ سرکاری سطح پر عام مریضوں کے لیے علاج معالجہ کی سہولیات مہیا ہوسکیں

## کوئٹہ ہوشربا مہنگائی کے باعث عوام کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول محال ہوگیا

### کدو80 روپے، شملہ مرچ200 روپے، ٹماٹر80 روپے، پھول گوبھی100، بند گوبھی80 روپے، کھیرا80 سے100 روپے، مٹر160 روپے کلو

### کیلا250 روپے درجن، پپیتا160 سے180 روپے، سیب200 سے300 روپے، چیکو200 روپے، تربوز50 سے80 روپے کلو فروخت جاری

### ضلعی انتظامیہ گرانفروشی کا نوٹس لیتے ہوئے مہنگے داموں کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سبزیوں اور کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے کوئٹہ میں کدو80 روپے، شملہ مرچ200 روپے، ٹماٹر80 روپے، پھول گوبھی100، بند گوبھی80 روپے، کھیرا80 سے100 روپے، مٹر160 روپے، شلجم80 روپے، پالک بنڈل50 روپے، پیاز5 کلو250 روپے، آلو5 کلو300 روپے......... بقیہ23 صفحہ نمبر9 پر

، لیموں پاؤ100 روپے، مرچ80 روپے پاؤ، ادرک120، لہسن120 روپے پاؤ جبکہ کیلا250 روپے درجن، پپیتا160 سے180 روپے کلو، سیب200 سے300 روپے کلو، چیکو200 روپے کلو، تربوز50 سے80 روپے کلو، لوکاٹ200 روپے کلو، چیری ڈبہ300، کیوی300 روپے ڈبہ فروخت ہورہا ہے۔ عوامی حلقوں کی جانب سے بڑھتی ہوئی مہنگائی پھل اور سبزیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ گرانفروشی کا نوٹس لیتے ہوئے مہنگے داموں کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرکے عوام کو ریلیف دیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

DATE: 15 MAY 2023

Page No: 15

# Upgrading educational institutions

For ensuring quality education qualified teachers, better educational institutions imparting education to students from primary to higher level is very essential besides schools and colleges ought to be equipped with modern tools and needs. Surprisingly, most of educational institutions particularly that of primary and middle level lack required facilities. Sadly in Balochistan schools and colleges particularly located in the remote areas of the province seriously facing shortage of science teachers and practical science laboratories due to which our children and youth after completing their matriculation and intermediate cannot compete with the students of private schools and colleges. Science is different from any other subject that a student takes up in school. This discipline unlike other courses affects the lives of each and every person in several ways. Science involves seeing, handling, understanding and manipulating of real objects and materials. Schools have to provide opportunities to their students to learn the various methods and processes. It is found that educational institutes that combine classroom or textbook teaching with science laboratory experiments are able to derive the best results for their students. Science lab experiments and science laboratory equipment aid in developing scientific learning amongst students, and in cultivating deeper and profound interest in the field. Practical science is an integral part of the syllabus; therefore, administration should allocate and utilise funds accordingly in order to assure functioning of the laboratories in schools. Departments concerned are responsible for non-functional laboratories in schools and the government would not grant permission to shut down labs. The provincial government must focus on provision of quality education for children and youth of Balochistan and to achieve it a comprehensive planning and strategy ought to be adopted. School science labs play an important role in the advances and technologies being made in the world. Many of the world famous scientists and researchers develop their life- long interest in science in their school science lab only where they conduct their first science lab experiments. Schools must therefore invest in up-to-date and highly advanced science laboratory equipment so as to give birth to highly skilled and competent scientific and technological labor force and to assure the country of a great future in the field of medical sciences and technological developments. Hopefully Balochistan government will bring practical changes in education department and ensure appointment of qualified science teachers in all remote areas of the province and equip all science labs with modern needs so that our children could get proper education and become good professionals to serve the province and country in better way.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 15 MAY 2023 Page No: 16


# پاکستان میں تیل وگیس کی پیداوار میں کمی، خطرے کی گھنٹی

ملک میں تیل وگیس کی پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

پاکستان پیٹرولیم انفارمیشن سروس اور انڈسٹری کے اعداد وشمار کے مطابق 30 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک میں تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 63480 بیرل ریکارڈ کی گئی ہے جو 23 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتہ کے مقابلے میں 8.1 فیصد کم ہے۔ 23 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتے میں ملک میں تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 69110 بیرل ریکارڈ کی گئی تھی۔ اسی طرح 30 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتے میں گیس کی پیداوار 3217 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی جو اس سے پچھلے ہفتے کے مقابلے میں 3.3 فیصد کم رہی، یعنی 23 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتے میں گیس کی پیداوار 3325 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی تھی۔

یہ اعداد وشمار کسی این جی او یا سروے کے نتیجے میں جاری نہیں کیے گئے بلکہ ملک کے مستند اداروں نے جاری کیے ہیں، اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ہم ہفتہ وار بنیادوں پر تیل وگیس کی پیداوار میں تیزی سے تنزلی کا شکار ہو رہے ہیں، اسی تناسب سے اگر پیداوار گرتی گئی تو بارہ پندرہ ہفتوں میں ہی گیس وتیل کی ترسیل ملک بھر میں بند ہوجائے گی، جس سے بڑے پیمانے پر بحران جنم لیں گے، تیل وگیس سے چلنے والی صنعتیں بند ہوجائیں گی، بجلی کی پیداوار میں کمی آجائے گی، جس کے باعث دیگر صنعتیں بھی تباہ ہوجائیں گی۔ صنعتوں کا پہلے ہی برا حال ہے، مہنگائی اور خام مال کی درآمدات میں رکاوٹوں کے باعث صنعت کار ملازمین کو فارغ کرنے اور صنعتیں بند کرنے پر مجبور ہیں، جس سے ملکی برآمدات بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر پر برا اثر پڑ رہا ہے، عوام بے روزگاری، مہنگائی اور لوڈشیڈنگ کے ہاتھوں موت کے دہانے پر کھڑے ہیں۔ ایسے میں اگر ملک میں گیس بھی ناپید ہوجائے گی تو عام آدمی جو ابھی تین چار سو روپے ماہانہ گیس کا بل جمع کرواتا ہے اور اپنے گھر میں کھانا بنوانے کے قابل ہے پھر تو وہ درآمدی گیس کے باعث کم از کم ہزاروں روپے ماہانہ کی صرف گیس خریدنے یا پھر لکڑیاں جلانے پر مجبور ہوگا۔

ملک کے دیگر شعبوں کی طرح اس شعبے کا بھی وہی حشر ہے، اداروں کی کارکردگی صفر کے برابر ہے، پچھلی کئی دہائیوں میں گیس اور تیل کے نئے ذخائر کی دریافت کے لیے کوئی خاطر خواہ کام نہیں ہوا اور نہ ہی ملک میں نئے کنویں کھودے گئے۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہم پیٹرولیم مصنوعات کے ساتھ ساتھ تیل وگیس بھی درآمد کرنے پر مجبور ہیں۔ اسی طرح انرجی کے دیگر ذرائع پر بھی توجہ نہیں دی گئی، اگر تھر کول پروجیکٹ اور نئے ڈیم کے ذریعے بجلی کی بھرپور پیداوار پر توجہ دی جاتی تو بجلی بنانے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات اور گیس استعمال نہ ہوتی، جس سے ملکی تیل وگیس کے ذخائر دیر تک استعمال کیے جاسکتے تھے۔

سی این جی گاڑیوں میں لگوا کر ملک کے بڑے وسائل کو چند برسوں میں جھونک دیا گیا۔ ایک گھر میں جتنی گیس پورے مہینے میں استعمال ہوتی ہے، اتنی گیس ایک کار میں ایک دن میں استعمال ہوجاتی ہے، اس طرح لاکھوں گاڑیوں میں استعمال ہونے والی سی این جی کی ایک ماہ کی مقدار پورے ملک کی کئی سالوں کی ضرورت کے برابر تھی لیکن گاڑیوں میں سی این جی لگانے کی اجازت دے کر ملک کے ذخائر کو ضائع کردیا گیا، جگہ جگہ سی این جی اسٹیشن کھولنے کا لائسنس جاری کرکے وقتی طور پر قومی خزانے میں کچھ پیسہ جمع کر لیے گئے مگر ملک میں موجود گیس کے وسیع ذخائر کو چند برسوں میں تباہ وبرباد کردیا گیا۔ جس کا خمیازہ آج عوام بھگت رہے ہیں، سستے فیول کے چکر میں لگا کر عوام کو بیوقوف بنایا گیا، ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ گاڑیوں میں سی این جی کے استعمال پر فوری پابندی لگائی جاتی اور ملک کے ذخائر کو بچایا جاتا۔

قیام پاکستان سے اب تک پاکستان کے پاس معدنیات، وسائل اور محنت کش عوام کی کمی نہیں رہی لیکن زیر زمین پائی جانی والی معدنیات کا کبھی صحیح تخمینہ نہیں لگایا گیا، اس کے استعمال کے لیے کوئی حکمت عملی نہیں بنائی گئی، نوجوانوں کو سرمایہ سمجھ کر ان کو وہ تربیت ہی فراہم نہیں کی گئی جس کے ذریعے ملک وقوم کو ترقی حاصل ہوسکے۔ پڑوس میں موجود ملک چین سے کوئی استفادہ نہیں کیا گیا، وہاں ہوم انڈسٹری (گھریلو صنعت) کو فروغ دیا گیا، جس کے نتیجے میں آج دنیا بھر میں چینی مصنوعات کی بھرمار ہے۔ وہاں ہر گھر میں کوئی نہ کوئی شے بنائی جارہی ہے، جس کے باعث ہر کوئی گھر بیٹھے پیسے بھی کمار رہا ہے اور ملک کی ترقی میں اپنا حصہ بھی ڈال رہا ہے۔

تیل وگیس کی پیداوار میں کمی کی فوری جانچ پڑتال کروائی جائے، معلوم کیا جائے کہ پیداوار میں کمی تکنیکی وجوہات سے ہوئی ہے یا تیل وگیس کے ذخائر میں کمی کی وجہ سے ہے، اگر یہ کمی تکنیکی بنیادوں پر ہے تو اسے دور کیا جائے اور پیداوار کی سطح بلند کی جائے اور اگر یہ وجوہات ذخائر میں کمی ہیں تو پھر اس کے تدارک کے لیے فوری حکمت عملی اپنائی جائے۔ بصورت دیگر ایسا نہ ہو کہ عوام گھروں میں روٹی اور کھانا پکانے کے لیے بھی گیس کو ترس رہے ہوں اور پھر صدیوں پرانے طریقے یعنی لکڑیاں جلا کر کھانا پکانے پر مجبور ہوں، کیونکہ اگر ایسا ہوتا ہے تو یہ انتہائی مضحکہ خیز بات ہوگی کہ ایٹمی صلاحیت کے حامل ملک کے باشندے لکڑیوں پر کھانا پکانے پر مجبور ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 15 MAY 2023 Page No: 17


## آواران کے تعلیم یافتہ نوجوان ڈگریاں جلانے پر کیوں مجبور ہیں؟


تحریر۔ شبیر لانگو


جمعرات کے دن جب معمول کے مطابق فیس بک آن کیا تو ایک دل دہلا دینے والی خبر فیس بک میں گردش میں تھی۔ نوجوان فہد بلوچ شاہوانی نے اپنے فیس بک وال سے اپنی ایک تصویر بمعہ اپنی تمام ڈگریوں کو نظر آتش کرنے کی تصاویر بھی ساتھ شیئر کیں تھیں۔ اس منحوس خبر سے دن کا آغاز ہوا اور پھر پورا دن رنج وغم میں گزرا اگر کیا کریں اس طرح کے کئی نوجوان بے روزگاری کی وجہ سے تنگ آکر خودکشیاں بھی کر چکے ہیں۔ یہ بھی اللہ پاک کا شکر ہے کہ فہد بلوچ اس طرح کا کوئی اقدام نہیں اٹھایا بلکہ انہوں نے صرف اپنی ڈگریاں جلائی اور مایوسی کا اظہار کر کے اپنے علاقے میں رہائش پزیر ہونے کا فیصلہ کیا۔ اس کا قصور ہمارے حکمران طبقہ صوبائی اور قومی اسمبلی میں بیٹھے اقتدار میں مزہ لینے والے ایم این اے اور ایم پی ایز ہیں۔ جن کے اپنے رشتہ دار سفارش کی بنیاد پر اچھے پوسٹوں پر سلکٹ ہو کر ڈیوٹی کے بجائے عالیشان گاڑیوں میں گھوم رہے ہیں۔ مجھے یاد ہے سال 2006 کے وقت بھی اسی طرح آواران میں ظلم ناانصافی اپنی عروج پر تھے کہ مختلف تعلیم یافتہ نوجوان مایوس ہو کر مختلف سرگرمیوں میں مصروف رہے وضح ہے کہ ناانصافی اور کرپٹ نظام کے لئے کوئی شخص اگر لکھنا شروع کریں تو اس کو موت کی نیند سلانے میں دیر نہیں لگاتے ہے۔ میں ایک بار پھر اپنے پڑھنے والوں کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں میں حب چوکی اور کوئٹہ میں صحافت کرنے کے بعد واپس آواران آیا تو پانچ سال کی مدت ہو چکا تھا اپنے ہی ضلع آواران میں آیا صحافت کرنا شروع کیا تو اس وقت مجھے مختلف قسم کے مشکلات اور دھمکیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر میں نے یہ فیصلہ کیا کہ موت اور زندگی اللہ پاک کے ہاتھ میں ہے ایک نہ ایک دن مرنا تو ہے اس بات کو لمبا کرنے کا میرا مقصد ہے۔ کہ آواران کے نوجوان نے اعلی تعلیم حاصل کرنے اور سولہ سالہ دن رات محنت کرنے کے بعد ڈگریاں حاصل کر کے کیوں ڈگریوں کو جلاتے ہے یہ ہمارے حکمرانوں کے لئے ایک سبق ہے مگر مجھے یقین نہیں ہوتا ہے۔ کہ سوئے ہو حکمرانوں کو اس کی فکر ہو آواران میں ایسے ملازمین جو کہ اپنے ذاتی کاروبار چلا رہے اور ایسے ملازمین جو کہ سرکاری ڈیوٹی ہونے کے باوجود پرائیویٹ اداروں میں کام کر رہے ہیں۔ ایسے ملازمین جو کہ ملک سے باہر اپنے ذاتی کاروبار چلا رہے اور ماہانہ لاکھوں روپے کما رہے ہیں۔ اگر ایسے نوجوانوں کو ان کے جگہ بھرتی کرتے تو آج ہمیں ایسا دن کا سامنا نہ کرنا پڑتا ہے کہ چار ماہ قبل ہم نے ذاتی طور پر آواران انتظامیہ کو اس طرح کے ملازمین کی نشاندہی کر چکے ہے۔ سو بار سے زیادہ سوشل میڈیا میں خبر چلائی ہے مختلف اخبارات میں خبر شائع کر چکے ہے کوئٹہ کے اعلی آفیسران لاپروائی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ جبکہ بلوچستان کے ہر اضلاع میں انتظامیہ صرف اس حلقے کے ایم پی اے کا محتاج ہوتے ہیں۔ کہ مجھے اس پوسٹ سے بے دخل نہ کریں اور حضور والا کا ہر حکم ماننے کو تیار ہوں ہتکہ آواران لیویز سپاہی مین بازار میں اپنے دکان چلا رہیں ہیں۔ اور دیگر شہروں میں ڈسپنسری کا ایک جعلی سند لیکر کلینک کھول کر کما کر رہے ہیں۔ مگر مجال نہیں کہ ان کے خلاف کوئی آفیسر کاروائی کریں کیونکہ یہ لوگ انتظامیہ سے بھی طاقتور ہیں۔ ایجوکیشن کے ملازمین سالوں سال غیر حاضر ہیں ہتکہ ایجوکیشن کے چند آفیسر نیول حب چوکی میں رہائش پزیر ہیں وہ صرف کسی میٹنگ میں شرکت کرنے کے بعد واپس اپنے متعلقہ جگوں میں جاتے ہیں تو پھر نوجوان مایوس ہو کر ڈگریاں نہ جلائیں تو کیا کریں۔ روزانہ کی بنیاد پر آواران انتظامیہ کی جانب ایجوکیشن گروپ میں میٹنگ ہوتی ہے مگر کوئی عملی کارکردگی سامنے نظر نہیں آرہی ہے ہر حوالے سے دیکھا جائے مایوسی پھیلی ہوئی ہے خدارا آواران کے وقت حکمران اور انتظامیہ میرٹ کی پامالی نہ کریں تا کہ ہمارے نوجوانوں کو روزگار میسر ہو سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 15 MAY 2023

Page No: 8


# بلوچستان میں قوم پرست سیاست انتشار کا شکار!


فقیر بلوچ


آج اگر بلوچ من آل حیثیت قوم کی موجودہ سیاسی، جغرافیائی، معاشی، معاشرتی اور سماجی صورت حال کا جائزہ لیا جائے تو بلوچ قومی شناخت اور وجود کو تاریخ کے بدترین خطرات لاحق دکھائی دیتے ہیں۔

برطانوی سرکار نے 19 ویں صدی میں بلوچ سر زمین کو ایران، افغانستان، قلات، اور برٹش بلوچستان میں تقسیم کر کے بلوچ ریاست، سماج اور زبان کو کئی ٹکڑوں میں بانٹ دیا۔ آج بلوچی زبان کو بقاء کا مسئلہ درپیش ہے بلوچ ایران میں فارسی، افغانستان اور خیبر پختونخوا میں پشتو، پنجاب میں پنجابی اور سرائیکی، سندھ میں سندھی اور اردو بولنے پر مجبور ہیں اور تو اور اب تو جیکب آباد سے مچھ بولان تک سندھی بولی جاتی ہے۔ گولڈ سمتھ اور ڈیورنڈ لائن کے ذریعے یہ تقسیم آج بھی موجود ہے۔ اس نوآبادیاتی غیر منصفانہ تقسیم نے بلوچ ریاست کا شیرازہ بکھیر دیا جس کا خمیازہ معدنی دولت اور قدرتی وسائل سے مالا مال بلوچستان کے باسی آج بھی بھگت رہے ہیں۔ گزشتہ ایک سو تیس سال پرانی زمین کی تقسیم کے ساتھ ساتھ مختلف ادوار میں بلوچ قوم کی سیاست بے جا تقسیم اور سیاسی انتشار و افتراق کا شکار بنتی چلی آرہی ہے۔

موجودہ دور میں جب کہ خطے کی تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال انتہائی پیچیدہ ہوتا جارہا ہے اور واضح طور پر اتحاد و اتفاق کا پیغام دے رہا ہے۔ جسے ہر ذی شعور انسان محسوس کر رہا ہے۔ آیئے غیر متحد اور منقسم قوم پرست سیاست کا مختصر جائزہ لیتے ہوئے اس کے مثبت اور منفی اثرات کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

بلوچستان میں قومی شعوری اور سیاسی جدوجہد کا آغاز غالباً میر عبدالعزیز کرد نے 1920ء میں اپنے چند ساتھیوں سے مل کر انجمن اتحاد بلوچاں کے نام سے شروع کیا تھا اور اس میں میر یوسف عزیز مگسی کی شمولیت اور رہنمائی سے بہت سی کامیابیاں ملیں۔ انجمن اپنے مختصر دور میں پوری دنیا کے بلوچوں کا دو عدد علمی کانفرنس منعقد کرنے کے ساتھ ساتھ عوامی آگاہی کے لیے انگریز سرکار اور وزیراعظم قلات شمس کے خلاف بلوچستان کی آواز، فریاد بلوچستان اور شمس گردی جیسے مشہور پمفلٹس اور آرٹیکل شائع کرنے میں کامیاب ہوا۔ اس وقت بلوچ سیاست دو واضح سیاسی کیمپوں میں تقسیم تھی ایک طرف مفاد پرست سرداروں اور اشرافیہ کا ٹولہ جب کہ دوسری طرف نوجوان ترقی پسند قوم پرستوں کا کیمپ تھا۔ انجمن کے راہنما جیل اور جلاوطنی کی صعوبتیں برداشت کرتے اور جرمانے بھرتے رہے مگر اپنی جدوجہد اور کمٹمنٹ سے ایک قدم پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں تھے۔ 5 فروری 1937ء کو بی کنونشن میں قلات اسٹیٹ نیشنل پارٹی کے نام سے انجمن کے رہنماؤں اور ریاست قلات کے سیاسی ورکروں نے نئی پارٹی کی بنیاد رکھتے ہوئے بلوچ قوم کے حقوق کے حصول کے لیے بہترین دستاویز پیش کیے۔ پارٹی کی پوری کوشش رہی کہ بلوچستان کو متحد رکھا جائے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے پارٹی نے 25 اگست 1939ء میں ریاست خاران کی قلات سے علیحدگی کی شدید مخالفت کرتے ہوئے خاران اور لسبیلہ کو قلات میں شامل کرنے کا زبردست مطالبہ کیا اور اسے بلوچ قوم کی مزید تقسیم اور تباہی کے برابر قرار دیا۔ پارٹی نے سرداروں پر مشتمل اسٹیٹ کونسل کی بھرپور مخالفت کرتے ہوئے عام انتخابات کا مطالبہ کر دیا مگر سرداروں کے دباؤ میں آ کر خان قلات ــ پارٹی پر پابندی عائد کردی۔ جب ریاست قلات کے ایوان زیریں کے انتخابات 1947ء میں منعقد ہوئے تو خان قلات نے نیشنل پارٹی کے انتخابات میں حصہ لینے پر قدغن لگا دیا۔ نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے آزادانہ حیثیت سے انتخابات میں حصہ لیا اور 52 میں سے 31 نشستیں جیت کر واضح اکثریت حاصل کر لی۔ قیام پاکستان سے دو روز قبل ریاست قلات (قلات، خاران، لسبیلہ اور مکران) کی آزادی کا اعلان کیا جب بعد میں ریاست قلات کو پاکستان کے ساتھ ضم کرنے کا متنازع فیصلہ کیا گیا تو نیشنل پارٹی نے جس کی سربراہی جناب میر غوث بخش بزنجو کر رہے تھے نے اس انضمام کی شدید مخالفت کی مگر جام لسبیلہ نواب خاران اور نواب مکران میر احمد یار خان سے مشاورت کے بغیر پاکستان کے ساتھ شامل ہو چکے تھے اور بعد میں بہ امر مجبوری خان قلات کو پاکستان کے ساتھ شامل ہونا پڑا۔ قیام پاکستان کے بعد ملک کے ترقی پسند اور بلوچ پشتون قوم دوستوں نے مل کر نیشنل عوامی پارٹی (نیپ) کا قیام عمل میں لایا۔ 1970ء کے عام انتخابات میں اس پارٹی کو بلوچستان اور سرحد میں بڑی اکثریت ملی اور متحد اور بے لوث جدوجہد سے ریاستی پروردہ جماعتوں کو واضح شکست ہوئی۔ بلوچستان اور صوبہ سرحد موجودہ خیبر پختون خواہ میں انکی حکومت قائم ہوئی بعد میں بھٹو آمریت کے سبب درون خانہ اور ریاستی آلہ کاروں کی وجہ سے اوّل بلوچستان کی حکومت برخاست کر دی گئی اور بعد میں خیبر پختون خواہ کی حکومت نے استعفیٰ دے دیا اس کے بعد نیشنل عوامی پارٹی کو جلد ہی کالعدم قرار دیکر پارٹی قیادت کو سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا گیا اس سے ملک میں بالعموم اور بلوچستان میں بالخصوص ایک بڑا سیاسی خلا پیدا ہوا جس کے نتیجے میں ملک میں مارشل لا نافذ کیا گیا جیلوں سے رہائی کے بعد سردار عطاء اللہ مینگل اور نواب خیر بخش مری نے جلاوطنی اختیار کی، میر غوث بخش بزنجو نے پاکستان نیشنل پارٹی (پی این پی) کے نام اپنی الگ پارٹی بنائی مگر وہ کارکردگی دکھا نہ سکی جس کی امید کی جارہی تھی۔ بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (جس کا وجود 1967ء میں کراچی میں عمل میں لایا گیا تھا) نے بھرپور اور تاریخی جدوجہد کی۔ اس جدوجہد کے نتیجے میں بلوچستان بھر میں شعوری سیاست کا نشوونما ہونے لگا مگر جلد ہی یہ طلباء تنظیم ٹوٹ کر بی ایس او اور بی ایس او عوامی کے نام سے دو دھڑوں میں تقسیم ہوئی۔ نیپ کے کالعدم ہو جانے اور ملک پر مارشل لا نافذ ہو جانے کی وجہ سے ملک بھر میں سیاسی جماعتوں پر پابندی اور مشترکہ سیاسی پارٹی کے نہ ہونے پر بلوچ طلباء کافی حد تک سیاسی خلا کو پر کرنے کی کوششیں کرتے رہے۔ اس مقصد کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی تو دونوں دھڑوں کے قائدین نے 1983ء میں دونوں دھڑوں کے باقاعدہ انضمام کا اعلان کر دیا۔ (جاری ہے)

☆☆☆

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.________ DATE: 15 MAY 2023 Page No: ________

## مسلم باغ کے سٹی تھانے میں 69 سال بعد بھی صرف 49 نفری کی تعیناتی کا انکشاف

**صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے معاملے کا نوٹس لیکر آئی جی پولیس بلوچستان سے سمری طلب کرلی**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے تحصیل مسلم باغ I کے سٹی تھانے میں 69 سال بعد بھی صرف 49 نفری کی تعیناتی کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کی تحصیل مسلم باغ میں 1954ء میں پولیس کی ایک تھانہ ایس ایچ او سمیت 49 افراد پر مشتمل ایک ہزار سے 15 سو افراد کی آبادی کے لئے تھے 69 سال گزرنے کے بعد پولیس کی ایریا ایک کلومیٹر سے بڑھ کر 15 کلومیٹر تک پھیل گئی اور آبادی ایک لاکھ تک پہنچ گئی لیکن پولیس اہلکاروں کی تعداد 49 سے نہ بڑھ سکی بلوچستان پولیس رولز کے مطابق 450 افراد کیلئے ایک پولیس اہلکار ہونا چاہیے جبکہ مسلم باغ میں ڈھائی ہزار افراد کیلئے صرف ایک اہلکار ہیں۔ ذرائع کے مطابق معاملہ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کے سامنے آنے پر وزیر داخلہ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی پولیس بلوچستان سے اس سلسلے میں فوری طور پر نفری کی تعیناتی سے متعلق سمری طلب کرلی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**


Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.________ DATE: 15 MAY 2023 Page No: ________



وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی اور آئی جی بلوچستان عبدالخالق شیخ ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 15 MAY 2023 Page No:________



مسلم باغ' وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کو کمشنر ژوب سعید احمد عمرانی روایتی پگڑی پہنا رہے ہیں



وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو قلعہ سیف اللہ اسکاؤٹس کے دورے کے موقع پر جوانوں سے مصافحہ کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



مسلم باغ، وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء اللہ لانگو 159 ونگ قلعہ سیف اللہ اسکاؤٹس کے جوانوں سے خطاب کر رہے ہیں

Balochistan Time Quetta



**MUSLIM BAGH:** Home Minister Ziaullah Lango talking to media during his visit to Qila Saifullah Scouts on Sunday.